www.KitaboSunnat.com
© rasailojaraid.com



ہماری خواہش ہے کہ مسئلہ کشمیر کے حل کے سلسلہ میں قومی سطح پر غور و خوض کے بعد اس مسئلہ کو بین الاسلامی اور پھر بین الاقوامی سطح پر بھی اٹھایا جائے۔ چنانچہ ہماری کوشش ہے کہ مجوزہ "آل پاکستان کشمیر کانفرنس" کے انعقاد کے بعد مسئلہ کشمیر کے سلسلہ میں ایک بین الاسلامی اور پھر اس کے بعد ایک بین الاقوامی کانفرنس بھی منعقد کی جائے لیکن ظاہر ہے کہ اس کے لیے ابتداءً یہ ضروری ہے کہ اس سلسلہ میں قومی سطح پر کوئی لائحہ عمل اختیار کر لیا جائے اور پھر اس کی روشنی میں مجوزہ بین الاسلامی اور بین الاقوامی کانفرنسوں کے انعقاد کے لیے مناسب اقدامات کیے جائیں۔

عبدالرحمٰن عاجز مالیر کوٹلوی

# احادیث

سردارِ دو عالم کی تعاریر۔ احادیث
یہ رنگِ تقدس ہے زیبوئے طہارت
افعالِ پیمبر کی تصاویر۔ احادیث
ہیں کانِ نبی کے درِ شہوارِ معانی!
ہیں غیرتِ صد وادیٔ کشمیر۔ احادیث
یوں محو نہ ہوں گے یہ نقوش آج کسی سے
کس طرح نہ ہوں معدنِ توقیر۔ احادیث
ہیں جسم کے امراض کی تو لاکھ دوائیں سے
لوحِ دلِ مومن پہ ہیں تحریر۔ احادیث
جیسے شبِ تاریک میں روشن سراِ انور
بیماریٔ دل کی فقط اکسیر۔ احادیث
مشرک سے ہو تکرار کہ ملحد سے لڑائی
یوں کفر میں ہیں چشمۂ تنویر۔ احادیث
بنیادِ احادیث ہیں قرآن کی آیات
ہیں عالمِ دیں کے لیے شمشیر۔ احادیث
جو شدتِ سختی سے ہو پتھر کا کلیجہ
قرآن کی آیات کی تفسیر۔ احادیث
اخلاق سے تعبیر ہے انسان کا کردار
اس دل کے لیے نشترِ تاثیر۔ احادیث
اوروں کا اثاثہ ہے زر و مال و جواہر
انسان کے کردار کی تعمیر۔ احادیث
ہیں عاجزِ خوش بخت کی جاگیر۔ احادیث

© rasailojaraid.com
محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ